سوال نمبر:5237

منجانب۔ مفتی سید جانان صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ

	سوال	جواب
(ا)	آیا یہ درست ہے کہ سرکاری سکولوں کی نصابی کتب صوبے میں چھپوائی جاتی ہیں؟	سرکاری سکولوں کی نصابی کتب کی چھپائی کسی صوبے یا علاقے کے لیے مخصوص نہیں ہے۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ گان کا تعلق ملک کے کسی بھی صوبے یا علاقے سے ہوسکتا ہے۔
(ب)	آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبہ ہذا کے بجائے دیگر صوبوں میں چھپوائی جاتی ہیں؟	جیسا کہ (ا) میں وضاحت کی گئی ہے۔
(ج)	اگر (ا) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سرکاری سکولوں کی نصاب کتب صوبہ ہذا کے بجائے دیگر صوبوں سے کیوں چھپوائی جاتی ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔	خیبر پختونخوا ٹیکسٹ بک بورڈ KPPRA رولز کے مطابق بذریعہ قومی اخبارات کتابوں کی چھپائی مشتہر کرتی ہے۔ جس میں ملک بھر سے پرنٹنگ فرمز سے سربمہر ٹینڈر منگوائے جاتے ہیں اور صرف کامیاب ٹینڈر دہندگان سے کتابیں چھپوائی جاتی ہیں۔ چونکہ KPPRA رولز کے مطابق ملک بھر کے پرنٹنگ فرمز بشمول خیبر پختونخوا کے پرنٹنگ فرمز، کو ٹینڈر میں شرکت کے یکساں مواقع میسر ہوتے ہیں۔ اس لئے دیگر صوبوں اور علاقوں کے پرنٹنگ فرمز بھی ٹینڈر مقابلے میں حصہ لیتے ہیں اور کامیاب ٹینڈر دہندگان کو بلا کسی علاقائی/صوبائی تفریق کے چھپائی کا کام دیا جاتا ہے۔